وَاَنْ يُّمِيْتَنَا مُسْلِمِيْنَ ۔ وَيَغْفِرَ لَنَا اَجْمَعِيْنَ ۔ بِرَحْمَتِهٖ

اور وفات دے ہمین اسلام پر اور معاف کرے ہم سبھون کے گناہ اپنی مہربانی سے

وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

ہے وہ بڑا مہربان سب مہربانون کا ساری حمد خدا کی ہے جو پالنے والا ہے سارے جہان کا پناہ مانگتا ہون مین خدا

مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ۔ يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ

کی شیطان مردود سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اے انسان کس چیز نے غفلت مین

الْكَرِيْمِ الَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ فِیْۤ

رکھا تجکو تیرے رب سے جو کریم ہے اور جسنے پیدا کیا تجکو اور ٹھیک اور درست بنایا تجھے

اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ۔ تشنید

اور جس صورت پر چاہا جوڑا تجکو

الْخُطْبَةُ الْاُوْلٰى	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	لِشَهْرِ جُمَادَى الثَّانِيْ

پہلا خطبہ شروع کرتا ہون مین نام پر اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ماہ جمادی الثانی کا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۔ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

ساری حمد خدا کی ہے وہ ایسا ہے کہ نہین ہے کوئی معبود مگر وہ اسیکی ہے بادشاہت اور

الْحَمْدُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۔ يُحْيِیْ وَيُمِيْتُ فَاِذَا قَضٰۤى

اسکے لیے ہے ساری حمد اور اسیکے پاس سب کو جانا ہے وہ اللہ جلاتا ہے اور مارتا ہے جب چاہتا ہے

اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۔ وَجَعَلَ لِكُلِّ اُمَّةٍ

کوئی کام تو فقط کہتا ہے ہو جا تب ہو جاتا ہے اور ٹھہرا دی ہے ہر گروہ کی

أَجَلًا فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَّلَا

ایک مدت جب آتی ہے انکی موت تب نہ دیر ہوتی ہے ایک گھڑی اور نہ

يَسْتَقْدِمُونَ ۝ وَسَاوَى فِي الْمَوْتِ بَيْنَ عَدُوِّهٖ

آگے چل کے مرتے ہیں اور برابر کردیا موت کے بارے میں اپنے دشمن

وَوَلِيِّهٖ وَطَائِعِهٖ وَعَاصِيْهِ ۝ فَجُرِّعُوا كَأْسَ الْمَنُوْنِ ۝

اور دوست کو درمیان اور فرمانبردار اور گنہگار کے بیچ تو پیے سبھوں نے پیالے موت کے

فَهُوَ الْمُتَصَرِّفُ فِي خَلْقِهٖ وَإِلَيْهِ يُرْجَعُ الْأَمْرُ كُلُّهٗ

سو وہ اللہ تصرف کرنے والا ہے اپنی خلائق میں اور اسیکی طرف رجوع کرتے ہیں سب کام

فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝

تو بندگی کر اسکی اور بھروسا کر اسپر اور رب تیرا غافل نہیں ان کاموں سے کہ کرتے ہیں

أَحْمَدُهٗ حَمْدَ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝

حمد کرتا ہوں میں اسکی مثل ان لوگوں کے جنھنے صبر کیا اور اپنے رب پر انکو بھروسا ہے

وَأَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

اور گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ جو ایک ہے اسکا شریک کوئی نہیں

الْعَالِمُ بِمَا كَانَ وَبِمَا يَكُوْنُ ۝ وَأَشْهَدُ أَنَّ سَيِّدَنَا وَنَبِيَّنَا

وہ سب جاننے والا ہے جو ہوا ہے اور جو ہوگا اور گواہی دیتا ہوں میں اسبات کی کہ ہمارے سردار اور نبی

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ الَّذِيْ أَرْسَلَهُ اللّٰهُ

اور مولی نام پاک جنکا محمد ہے وہ بندے ہیں خدا کے اور رسول ہیں اسکے جنکو بھیجا خدا نے

بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ

ہدایت اور دین حق کے ساتھ کہ غالب کرے اس دین کو تمام دینوں پر

وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۔ يَآ اَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ

اگرچہ بُرا مانیں مشرک لوگ اے انسان بیشک تو تکلیف کھینچنے والا ہے

اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَاقِيْهِ ۔ وَاِنَّكَ صَآئِرٌ اِلَى

جب تک نہ ملے اپنے رب سے پھر ملنے والا ہے اس سے اور مرنے والا ہے

الْمَوْتِ عَنْ قَلِيْلٍ وَّمُوَافِيْهِ ۔ فَاِنَّ الْحَيٰوةَ اِلَى الْمَوْتِ

تھوڑے دن میں اور آنے والا ہے اُسکے پاس اسلیے کہ زندگی کے بعد ضرور

صَآئِرَةٌ ۔ وَاِنَّ دَوَآئِرَ الْمَنُوْنِ بَيْنَكُمْ دَآئِرَةٌ ۔ كُلُّ

موت ہو اور بیشک موت تمپر گھومنے والی ہے ہر نفس

نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۔ فَاسْتَعِدَّ لِنَفْسِكَ ۔ وَاعْمَلْ

چکھنے والا ہے موت کو تو تیاری کر اپنے نفس کے لیے اور نیک کام

صَالِحًا قَبْلَ اَنْ تُنْزَلَ اِلٰى رَمْسِكَ ۔ وَمَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا

کر آگے اسکے کہ اُتارا جاوے تو قبر میں اور جسکے لیے دنیا

سِجْنَهٗ فَخَلَاصُهٗ بِالْخُرُوْجِ مِنْهَا ۔ وَمَنْ يُّجَاهِدُ

قیدخانہ ہے تو نجات اُسکی دنیا سے نکلنا ہے اور جو لڑتا ہے اپنے

نَفْسَهٗ فِيْهَا فَسُرُوْرُهٗ بِالرَّحِيْلِ عَنْهَا ۔ وَمَنْ كَانَ

نفس سے تو خوشی اسکی دنیا سے چلا جانا ہے اور جسکا

قَلْبُهٗ مَعَ رَبِّهٖ لَمْ يَخَفْ مِنْ حَسْرَةِ الْفَوْتِ وَمَنْ

دل خدا کے ساتھ ہے وہ نہیں ڈرا موت کی حسرت سے اور جسکے لیے

كَانَتِ الْاٰخِرَةُ خَيْرًا لَّهٗ فَقَرَّتْ عَيْنُهٗ فِى الْمَوْتِ

آخرت بہتر ہے تو ٹھنڈی ہوئی اُسکی آنکھ موت سے

فَارْحَمُوا ضُعَفَاءَكُمْ وَوَاسُوا فُقَرَاءَكُمْ وَتَخَلَّصُوا

تو رحم کرو ناتوانوں پر اور غمخواری کرو فقیروں کی اور بچے رہو

مِنَ الْمَظَالِمِ وَتَنَقَّوْا مِنَ الذُّنُوبِ وَالْمَآثِمِ

داد خواہیوں سے اور پاک ہو گناہوں اور بدلوں سے

وَرَاقِبُوا رَبَّكُمْ فَاِنَّهُ بَصِيرٌ وَبِاَعْمَالِكُمْ خَبِيرٌ

اور ڈرتے رہو اپنے رب سے کہ وہ دیکھنے والا ہے اور تمہارے کاموں سے خبر رکھنے والا ہے

وَاعْلَمُوا اَنَّ الْاَخْيَارَ يَذْهَبُونَ فَرِيقًا بَعْدَ فَرِيقٍ وَلَقَدْ

اور جانو کہ نیک لوگ گذر جاتے ہیں ایک فرقہ بعد ایک فرقہ کے

تُوُفِّيَ فِي مِثْلِ هٰذَا الشَّهْرِ اَبُوبَكْرِنِ الصِّدِّيقُ فَنَزَلَ

اور وفات پائی اسی مہینے میں ابوبکر صدیق رض نے لاحق ہوئی

بِهِ الْمَرَضُ فِي الْيَوْمِ السَّابِعِ مِنْهُ فَقَالُوا لَهُ حِينَ

انپر بیماری ساتویں تاریخ کو تو کہا لوگوں نے جب

جَاءُوا يَعُودُونَهُ اَلَا نَدْعُو لَكَ طَبِيبًا يَنْظُرُ فِي مَرَضِكَ

آئے بیمار پرسی میں بلاویں ہم تیرے لیے کوئی طبیب کہ دیکھے تیرا یہ مرض

الشَّدِيدِ فَقَالَ قَدْ نَظَرَ اللّٰهُ اِلَيَّ فَقَالَ اِنِّي فَعَّالٌ

سخت تو کہا آپ نے دیکھا ہی خدا نے مجکو اور کہا ہے میں کرنے والا ہوں

لِمَا اُرِيدُ وَتَلَا قَوْلَهُ تَعَالٰى وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ

جو چاہتا ہوں اور پڑھی حضرت ابوبکرؓ نے یہ آیت اور آئی بیہوشی موت کی

بِالْحَقِّ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيدُ وَاعْلَمُوا اَنَّ

بحق یہ وہی ہے جس سے تو کنارہ کرتا تھا اور جانو کہ

الدنیا لاتدوم + وان العرض علی الخلائق محتوم +

دنیا ہمیشہ نہین رہنے کی   اور مال دنیا کا بندہی   اور پر خلائق کے   ہے

وان اصحاب الشمال فی سموم وحمیم وظل من

اور بائین والے ہے ہواے گرم اور آب گرم   اور دھوئین

یحموم . وان اصحاب الیمین فی نعیم مقیم یسقون

مین رہینگے اور داہنے والے بہشت مین پلائے جائین گے

من رحیق مختوم + واللہ لابد من حشر الاولین

شراب مہرکی ہوئی قسم خداکی ضرور ہے جمع ہونا اگلے

والاخرین ولابد من سؤال المتقدمین

اور پچھلے لوگون کا اور ضرور ہے سوال کرنا اگلون سے

والمتاخرین . بین یدی رب العالمین . ولابد

اور پچھلون سے سامنے خداکے جو پالنے والا ہے سارے جہان کا   اور ضرور ہے

من المناقشة علی کل عمل من معاملة الخالق

کش مکش حساب کی ہر عمل پر جو خالق   اور مخلوق کے بیچ ہونا چاہیے

والمخلوقین + وعن عمر بن الخطاب رضی اللہ

اور روایت ہی عمر بن خطاب رضی اللہ

عنہ + قال دخلت علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم

عنہ سے کہا آیا مین   نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس

فوجدتہ یبکی + فقلت لہ ما یبکیک + فقال

اور دیکھا مین نے انکو روتے ہوئے تو کہا مینے آپ سے کون چیز رولاتی ہے آپکو تو فرمایا آپنے

جآءنی جبرئیل علیہ السلام وقال یا محمد ان

کہ آئے میرے پاس جبرئیل علیہ السلام اے محمد

اللہ یقرء ک السلام ویقول لک انہ یستحیی ان

اللہ تعالیٰ پڑھتا ہے تجھپر سلام اور فرماتا تجھکو بیشک اللہ شرماتا ہے

یعذب رجلا قد شاب فی الاسلام فکیف لا یستحیی

عذاب کرنے سے اوس شخص کے کہ بوڑھا ہوا اسلام میں تو کیون نہین شرم آتی ہے اوسکو

من شاب فی الاسلام ان یعصی اللہ تعالیٰ منحنا اللہ و

کہ بوڑھا ہوا اسلام مین خدا کی نافرمانی سے دے اللہ ہمکو

ایاکم الحیاء من اللہ الملک الدیان

اور تمکو شرم خدا سے جو بادشاہ ہے اور بدلہ دینے والا

واعاذنا وایاکم من القساوۃ والعصیان وادام

اور پناہ دے ہمکو اور تمکو سنگدلی اور نافرمانی سے اور ہمیشہ رکھے

علینا خشیتہ وطاعتہ فی الاسلام والایمان

ہمپر ڈر اپنا اور بندگی اوسکی اسلام اور ایمان کے ساتھ

انہ غفور منان برحمتہ وھو ارحم الراحمین

بیشک وہ معاف کرنیوالا ہے اور احسان کرنیوالا اپنی مہربانی سے اور وہ ہے بڑا مہربان سب مہربانون کا

الحمد للہ رب العلمین اعوذ باللہ من الشیطان

ساری حمد خدا کی ہے جو پالنے والا ہے ساری جہان کا پناہ مانگتا ہون مین خدا کی شیطان

الرجیم والذی جاء بالصدق وصدق بہ اولئک

مردود سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے جسنے مانا اور سچ جانا قرآن کو وہی لوگ

هُمُ الْمُتَّقُوْنَ لَهُمْ مَا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ذٰلِكَ جَزَآءُ

پرہیزگار ہیں انکو ملیگا خدا کے پاس جو چاہینگے یہی ہے بدلہ

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ بشنید

نیک لوگوں کا

الْخُطْبَةُ الثَّانِيَةُ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | لِشَهْرِ جُمَادَى الْأُخْرٰى

دوسرا خطبہ شروع کرتا ہوں میں نام سے اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے واسطے ماہ جمادی الثانی کا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ

ساری تعریف خدا کی ہے جسنے بڑھایا بعض کو بعض پر

فِي الرِّزْقِ ۔ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ

روزی میں اور اتارے تمہارے لیے آٹھ جوڑے جانوروں کے

اَزْوَاجٍ ۔ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ

پیدا کرتا ہے تمکو ان کے پیٹ میں ایک کے بعد دوسرا

بَعْدِ خَلْقٍ وَحَثَّ عَلٰى تَكْثِيْرِ الْاَعْمَالِ الصَّالِحَةِ

اور تاکید کی تمکو نیک کاموں کے زیادہ کرنے پر

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ۔ لَا تَسْوَى

اس طور سے کہ اتارا اللہ نے کتاب کو ساتھ حق کے نہیں ہے

الدُّنْيَا عِنْدَهٗ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ ۔ وَلَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ

دنیا خدا کے پاس ایک مچھر کے پر کے برابر اور نہیں پسند ہے خدا کو کہ بالضرور ہو وے دنیا

لِاَوْلِيَآئِهٖ مُقَرَّضَةً ۔ بَلْ يُعْطِيْهَا لِمَنْ يُّحِبُّهٗ وَلِمَنْ

اسکے دوستوں کے لیے بلکہ دیتا ہے دنیا جسکو دوست رکھتا ہے اور جسکو

لَا يُحِبُّهُ وَلَا يُعْطِي الدِّيْنَ اِلَّا لِمَنْ يُحِبُّهُ، وَلَا يُحِبُّ

نہیں دوست رکھتا ہے اور نہیں دیتا ہے دین مگر جسکو دوست رکھتا ہے اور نہیں دوست رکھتا ہے

اِلَّا مَنْ قَنَعَ بِمَا اَعْطَاهُ رَبُّهُ، قَسَمَ اَرْزَاقَ

مگر اس شخص کو کہ قناعت کرے اس چیز پر کہ دی ہے اسے خدا نے بانٹ دی روزی

الْعِبَادِ وَهُمْ فِي بُطُوْنِ الْاُمَّهَاتِ فَلَا يَزْدَادُ

بندوں کی جس وقت دی ان کے پیٹ مین تھے تو نہین زیادہ پاتا ہے

الْحَرِيْصُ اِلَّا تَعَنُّتًا فِي الدُّنْيَا وَنَدَمًا بَعْدَ الْمَمَاتِ

لالچی مگر تکلیف دنیا مین اور شرمندگی بعد موت کے

اَحْمَدُهُ حَمْدَ مَنْ قَنَعَ بِالْيَسِيْرِ، وَرَجَعَ اِلَى اللّٰهِ وَاَشْهَدُ

حمد کرتا ہون مین اسکی مثل اس شخص کے کہ قناعت کی تھوڑی پر اور رجوع لایا خدا کی طرف اور گواہی دیتا ہون مین

اَنَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، شَهَادَةَ مَنْ قَنَعَ

کہ اللہ ایک ہے اس کا شریک کوئی نہین مثل گواہی اس شخص کے کہ قناعت کی

بِرِزْقِهِ، وَقَوِيَ فِي الدِّيْنِ لِمَا سَمِعَ قَوْلَهُ تَعَالٰى

اپنی روزی پر اور مضبوط ہوا دین مین اسلیے کہ سنا قول اللہ تعالےٰ کا

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ. وَاَشْهَدُ اَنَّ

کہ بیشک اللہ بڑا روزی دینے والا ہے اور بڑا زور والا اور بہت استوار اور گواہی دیتا ہون مین کہ

سَيِّدَنَا وَنَبِيَّنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ

ہمارے سردار اور نبی اور مولا نام پاک جنکا محمد ہے وہ بندے ہین خدا کے اور بھیجے ہوئے ہین اسکے

الْمُؤَيَّدُ بِالْكِتَابِ الْمُبِيْنِ، يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمْ

جنکو مدد ملی ہے کتاب روشن سے اے لوگو تم سب

اَلْفُقَرَاۤءُ اِلَى اللّٰہِ وَاللّٰہُ ہُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ۝ وَاَنْتُمْ

محتاج ہو خدا کے اور اللہ بے نیاز ہے اور سراہا اور تم

سَائِرُوْنَ رَاحِلُوْنَ مِنْ غَیْرِ شَکٍّ وَّلَا تَرَدُّدٍ

چلے جانے والے ہو اور کوچ کرنے والے بیشک و شبہ

فَتَقَلَّلُوْا مِنَ الدُّنْیَا فَاِنَّ الْمَوْتَ اَقْرَبُ اِلَیْکُمْ

سو کم کرو دنیا کا سامان کہ موت نزدیک ہے تمہارے

مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ وَاقْتَدُوْا بِمَنْ مَضٰی مِنَ السَّلَفِ

رگ گردن سے اور پیروی کرو اگلے لوگوں کی جو گذر گئے

وَاہْتَدُوْا بِہَدْیِہِمْ فِی التَّقَلُّلِ وَالتَّکَلُّفِ وَفِیْ

اور پکڑو انکی راہ کم سامانی اور رنج سہنے میں اور

مِثْلِ ہٰذَا الشَّہْرِ وَلِیَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ

اوراسی مہینے میں ملک ہوی عمر بن الخطاب رضی اللہ

عَنْہُ الْخِلَافَۃَ وَکَانَ فِیْ یَدِہٖ مِنَ الْاَمْوَالِ فِیْ زَمَنِہٖ

عنہ خلافت کے اور تھا ہاتھ میں انکے مال اُس زمانہ میں

مَا لَمْ یُعْطِہِ اللّٰہُ خَلِیْفَۃً فَصَعِدَ عَلَی الْمِنْبَرِ خَطَبَ

جبتک نہ دی تھی اللہ نے اونکو خلافت سو چڑھے ممبر پر اور خطبہ پڑھا

النَّاسَ وَعَلٰی لِبَاسِہٖ اِثْنَا عَشَرَ رُقْعَۃً تَقَلُّلًا مِّنَ

لوگوں پر اور انکے کپڑے پر بارہ پیوند تھے بسبب کم توجہ کرنے کے

الدُّنْیَا فَلَمْ یَرْغَبْ فِی السَّعَۃِ لِعِلْمِہٖ اَنَّ ذٰلِکَ لَا یَزِیْدُ

دنیا کی طرف تو نہیں خواہش ہوئی انکو تونگری کی اسلئے کہ جانتے تھے کہ یہ قناعت نہیں بڑھاوے گی

عِنْدَ اللّٰهِ اِلَّا رِفْعَةً + وَكَانَ لَا يَأْكُلُ مِنَ الْاِدَامِ غَيْرَ

خدا کے پاس مگر انکا درجہ اور نہین کھاتے تھے روٹی کے ساتھ سواے

الزَّيْتِ حَتّٰى اسْوَدَّ جِلْدُهٗ + وَلَمْ يَحْمِلْ لِنَفْسِهٖ

روغن زیتون کے یہانتک کہ سیاہ ہوگیا تھا انکا چمڑا اور نہین لیتے تھے اپنے لیے

مِنْ مَّالِ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا دِرْهَمَيْنِ + يَتَقَوَّتُ بِهِمَا

مسلمانون کے مال سے مگر دو درہم جس سے خوراک ہوتی تھی انکی

هُوَ وَعِيَالُهٗ وَوَالِدُهٗ + وَقَدْ اَبْطَأَ يَوْمًا عَنِ الصَّلٰوةِ يَوْمَ

اور انکے اہل وعیال کی اور لڑکونکی اور دیر ہوئی ایک دن انکو نماز جمعہ مین حاضر

الْجُمُعَةِ فَخَرَجَ وَاعْتَذَرَ لِلرِّجَالِ + فَقَالَ اِنِّيْ كُنْتُ

ہونے کو پھر نکلے اور عذر خواہی کی لوگون کے پاس اور کہا کہ مین

اَغْسِلُ قَمِيْصِيْ + وَمَا لِيْ سِوَاهُ + فَلِذٰلِكَ تَاَخَّرْتُ

دھوتا تھا اپنا کرتا اور نہین میرا اسکے سوا دوسرا - اسلیے دیر ہوئی مجھے

عَنِ الْخُرُوْجِ وَقْتَ الزَّوَالِ + وَكَانَ يَحْمِلُ

نکلنے مین زوال کے وقت اور ڈھوتے تھے

الدَّقِيْقَ عَلٰى ظَهْرِهٖ + وَيَذْهَبُ بِهٖ وَهُوَ خَلِيْفَةٌ اِلٰى

آٹا اپنی پیٹھ پر اور پہونچاتے تھے اسکو خلیفہ ہوکر اس شخص کے پاس

مَنْ يَعْرِفُ شِدَّةَ فَقْرِهٖ + هٰذَا وَهُوَ الَّذِيْ اَعَزَّ اللّٰهُ

کہ جانتے تھے اسکو سخت محتاج یاد رکھو اسکو اور حضرت عمر رض وہ شخص

بِهِ الْاِسْلَامَ + وَاَفْضَلُ مَنْ مَّشٰى بَعْدَهٗ عَلٰى وَجْهِ

ہن کہ عزت دی اللہ نے اسلام کو اور افضل ہین ان سبھون سے کہ چلے بعد انکے روئے

الارض من الاثام ، وكان مع ذلك يقول ياليت

زمین پر سے اور باوجود اس حال کے فرماتے تھے کہ کاش کہ

ام عمر لم تلد عمر ولم ار الدنيا ولم

عمر کی ماں جنتی عمر کو اور کیا خوب تھا کہ میں نہ دیکھتا دنیا اور نہ

اك من البشر ، فكيف بمن ترك الاعمال

ہوتا میں آدمی تو کیا حال ہوگا اسکا کہ چھوڑ دیا نیک کاموں کو

الصالحة ، وانهمك في المعاصي بكل عضو

اور ڈوب گیا گناہوں میں ہر بدن سے

وجارحة ، فياليت شعري ما الذي ينتظره

کاش کہ میں جانتا کس چیز کی طرف تک رہے ہیں

العاصون ، افامنوا مكر الله ، فلا يامن مكر الله

گنہگار لوگ کیا وہ بے ڈر ہوگئے ہیں خدا کے مکر سے سو نہیں بے خوف رہتے ہیں خدا کے مکر

الا القوم الخاسرون ۔ وعن النبي صلعم انه قال

گر گھاٹے والے اور روایت ہے نبی صلعم سے فرمایا آپ نے

من اذى مسلما كان عليه من الذنوب مثل

جسنے اذیت دی کسی مسلم کو ہوگئے اس پر گناہوں سے مانند

منابت الشجر ، جعلنا الله ممن نطق بالمعروف

درخت پیدا ہونے کی جگہ کے بنادے ہمکو اللہ ان لوگوں سے کہ ذکر کیا نیکی کا

وفعله وامر به ونهى عن المنكر وتجنبه وكان

اور خود بھی کی اور حکم کیا نیکی کرنیکا اور روکا بدی سے اور خود بھی دور رہے اور ہوئے

باغضه ومحاربه • وكان خائفا تقيا نقيا باحسان

دشمنی کرا اور لڑنے والے اُس سے اور ہوے ڈرنے والے خدا سے اور پرہیزگار اور پاک اور نیک

مناقبه • انه اكرم الاكرمين برحمته وهو ارحم

صفات بیشک اللہ بڑا بخشش والا ہے سب بخشش والوں سے اپنی رحمت سے ہے وہ بڑا مہربان

الراحمين • والحمد لله رب العالمين • اعوذ بالله من

سب مہربانوں کا اور ساری حمد خدا کی ہے جو رب ہے سارے جہان کا پناہ مانگتا ہوں میں خدا کی

الشيطان الرجيم • وعد الله الذين امنوا وعملوا

شیطان مردود سے وعدہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے کہ ایمان لائے اور کیے

الصلحت منهم مغفرة واجرا عظيما : بنشيند

نیک کام سب معافی کا اور بڑی مزدوری کا

الخطبة الثالثة بسم الله الرحمن الرحيم لشهر جمادى الاخرى

تیسرا خطبہ شروع کرتا ہوں میں نام پر اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ماہ جمادی الثانی کا

الحمد لله الذي بحكمته تجري مقادير الامور •

ساری حمد خدا کی ہے جس کی حکمت سے جاری ہے اندازہ کاموں کا

قسم السعادة والشقاوة عدلا في قضائه لا يجور •

بانٹ دی نیک بختی اور بدبختی انصاف والا ہے اپنی حکم میں نہیں ظلم کرتا ہے کسی پر

اقر بوحدانيته الافلاك والاملاك والارضون

اقرار کیا اُس کی وحدانیت کا آسمانوں نے اور ملکوں نے اور زمینوں

والسهول والوعور والبحور • اهدى بلا سبب

اور زمین نرم اور سخت اور دریاؤں نے ہدایت کی کسی کو بلا وجہ

وَاَضَلَّ بِلَا عِلَّةٍ ۔ وَكُلُّ ذٰلِكَ فِيْ كِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ ۔

اور گمراہ بنایا کسی کو بدون کسی باعث کے اور یہ سب لوح محفوظ میں لکھا ہے

فَسُبْحَانَ مَنْ يَّقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْهِ ۔ يَكْسِرُ

سو پاکی ہے اس ذات کی کہ حکم کرتا ہے اور نہیں حکم کیا جا سکتا ہے اسپر توڑتا ہے

الصَّحِيْحَ وَيَجْبُرُ الْمَكْسُوْرَ ۔ اَحْمَدُهٗ حَمْدَ مَنْ

ثابت ہوئے کو اور جوڑتا ہے ٹوٹے ہوئے کو حمد کرتا ہوں میں اسکی مثل حمد اس شخص کے

يَّرْجُوْ رَحْمَتَهٗ لِعِلْمِهٖ اَنَّهٗ هُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ۔ وَاَشْهَدُ

کہ امیدوار ہو اسکی رحمت کی جانتا ہو اس بات کو کہ وہ بڑا مہربان ہے معاف کرنیوالا اور گواہی دیتا ہوں میں

اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ شَهَادَةً اَسْتَعِدُّهَا

کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ جو ایک ہے اسکا شریک کوئی نہیں ایسی گواہی کہ تیار رکھتا ہوں اس کو

لِيَوْمِ النُّشُوْرِ ۔ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَنَبِيَّنَا وَمَوْلَانَا

قیامت کے لیے اور گواہی دیتا ہوں میں کہ ہمارے سردار اور نبی اور مولے

مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ شَفِيْعُ الْاُمَّةِ يَوْمَ يُبْعَثُ مَنْ

محمد بندے ہیں خدا کے اور بھیجے ہوئے ہیں اسکے وہ سفارش کرنیوالے ہیں امت کی جس دن اٹھینگے لوگ

فِي الْقُبُوْرِ ۔ اِخْوَانِيْ اَيْنَ صَاحِبُ الْاِيْوَانِ ۔ وَمَنْ

قبروں سے اے بھائیو کہاں ہے بڑا بالا خانے والا اور کہاں ہیں وہ لوگ

قَبْلَهٗ وَبَعْدَهٗ اَرْبَابُ الْقُصُوْرِ ۔ اَيْنَ بَهْرَامُ اَيْنَ

جو آگے اسکے تھے اور پیچھے اسکے بڑے بڑے کوٹھے والے کہاں ہے بہرام کہاں ہے

فَيْرُوْزُ اَيْنَ سَابُوْرُ ۔ اَيْنَ مَنْ كَانَ فِيْ مُلْكِهٖ يَعْدِلُ

فیروز کہاں ہے سابور کہاں ہے وہ شخص کہ عدل کرتا تھا اپنی بادشاہی میں

اَوْ يَحُوْرُ * كَمْ اَمَّلُوا الْبَقَاءَ عَلٰى قَنْطَرَةِ الدُّنْيَا وَمَا

ور دو شمس کہ ظلم کرتا تھا بست امید تھی انکو ٹھہرنے کی دنیا کے پل پر اور نہین

عَلِمُوْا اَنَّمَا قَنْطَرَةٌ لِلْعُبُوْرِ * خَذَلَهُمْ حُسَامُ الْحِمَامِ

جانا کہ یہ پل ہے گذر جانے کا رسوا کیا انکو موت کی تلوار نے

فَاِذَا هُمْ فِى الْقُبُوْرِ * وَخَرَجَتْ مِنْ اَيْدِيْهِمْ تِلْكَ

تو وے قبرون مین پڑے ہین اور نکل گئے انکے ہاتھ سے وہ سب

الْمَنَازِلُ وَالدُّوْرُ * نَسُوْا سُرْعَةَ الصَّرْعَةِ * وَمَا عَلِمُوْا

منزل اور مکان جنمین وہ خوش رہتے تھے بھول بیٹھے تھے جلد پہونچنا موت کا اور نہین جانا تھا

اَنَّ الدَّائِرَاتِ عَلَيْهِمْ تَدُوْرُ * وَيْحَكَ يَا مِسْكِيْنُ

کہ موت کے پیادے انپر گھوم رہے ہین افسوس ہے تیرے لیے اے مسکین

اَمَا تَعْتَرِفُ بِالْمَمَاتِ * وَيَوْمَ يُعْرَضُ عَلَيْهِ سَائِرُ

کیا مانتا نہین ہے تو موت کو اور اُسدن کو کہ جمع ہونگے لوگ سب

الْجِهَاتِ وَالنَّارُ لَهَا دَوِيٌّ وَّشُرُوْرٌ * هٰذَا الزَّجْرُ

طرف سے اور ظاہر ہوگا دوزخ کا شور اور شعلہ مارنا یہ سب تنبیہ

يُتْلٰى عَلَيْكَ يَا مَحْسُوْرُ * اَلنَّارُ حَرُّهَا شَدِيْدٌ * وَقَعْرُهَا

پڑھی جاتی ہے تجھپر اے حسرت کرنے والے۔ دوزخ کی گرمی سخت ہے اور گہرائی اسکی

بَعِيْدٌ * فَيَا وَيْحَ مَنْ فِيْهَا دَمُوْرٌ * وَا فَرْحَةَ اِبْلِيْسَ

دور ہے سو کیا ہی غضب ہے اُسپر جسکو اسمین ہلاک ہونا ہے کیا ہی خوشی ہوگی ابلیس کی

بِكَ اِذَا كُنْتَ فِى الْجَحِيْمِ تَفُوْرُ * هٰذَا وَقْتُ

جب تو جوش کھائیگا دوزخ مین یہ وقت ہے

اَلْفِرَارِ اِلَى اللّٰهِ عَنْ اِبْلِيْسَ + فَاَيْنَ مَنْ تَابَ مِنْ دَاخِلِ

بھاگنے کا ابلیس سے خدا کی طرف تو کہان ہے وہ شخص جو توبہ کرے

الصُّدُوْرِ + فَيَآ اَهْلَ الْمُعَامَلَةِ + وَيَآ اَهْلَ الْبَطَالَةِ +

سینے کے اندر سے سو پس اے کاروبار والے اور اے بیہودہ کام والے

بِاللّٰهِ اُتْرُكُوا الْعِصْيَانَ وَالْفُجُوْرَ + قَبْلَ اَنْ تَنْدُبَ

واسطے خدا کے چھوڑ دو نافرمانی اور بدکاری آگے اسکے کہ بلاوے تجھے

الْمَنِيَّةُ + وَتَنْزِلَ الْبَلِيَّةُ + وَتَزُوْرَ الْقُبُوْرَ + وَنَبِّهُوْا

موت اور پڑے تجھ پر بلا اور گرے تو تجھ مین اور تنبیہ کرو

قُلُوْبَكُمْ بِالْاِنْكِسَارِ وَالْحُضُوْرِ + وَاَخْلِصُوا اللّٰهَ مِنْ

اپنے دلون کو عاجزی کی اور خدا کے پاس حاضر رہنے کی اور خالص ایمان رکھو خدا پر

دَاخِلِ الضَّمَائِرِ وَالصُّدُوْرِ + اَللّٰهُمَّ عَافِنَا وَاعْفُ عَنَّا

دلون اور سینون سے اے اللہ عافیت دے ہمین اور درگذر کر ہمسے

وَاغْفِرْ لَنَا وَنَجِّنَا مِنَ الْاَهْوَالِ يَا عَزِيْزُ يَا غَفُوْرُ بِرَحْمَتِكَ

اور معاف کر ہمکو اور نجات بخش ہمین ڈرون سے اے اللہ عزت والے اے معاف کرنیوالے اپنی رحمت سے

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ + وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ + اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

اے بڑے مہربان سب مہربانون کے ساری حمد خدا کی ہے جو رب ہے سارے جہان کا پناہ مانگتا ہون مین خدا کی

مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ + اَلَّذِىْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ

شیطان مردود سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے جسنے پیدا کیا موت کو اور حیات کو

اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۰ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۰ بنشیند

کہ آزماوے کون تم مین سے نیک کار ہے اور اللہ غالب ہے اور اللہ معاف کرنیوالا

الخطبة الرابعة بسم الله الرحمن الرحيم لشهر الجمادى الاخرى

یہ خطبہ شروع کرتا ہون مین نام پر اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ماہ جمادی الثانی کا

الحمد لله العليم الذي حكم على العصاة

ساری حمد خدا کی ہے جو بڑا جاننے والا ہے جسنے حکم کیا گناہگارونکے لیے تاج مغفرت کا

وهم في معاصيهم ويستر فضائحهم بمغافر

اور وے گناہون مین ہین اور اللہ تعالے چھپاتا ہے انکی رسوائی کی

الغفران فسبحانه وتعالى من ملك منان واشهد

باتون کو سو پاکی ہے اس برتر کی جو بادشاہ ہے بڑا احسان والا اور گواہی دیتا ہون مین

ان لا اله الا الله وحده لا شريك له الملك الديان

کہ نہین ہے کوئی معبود مگر اللہ جو ایک ہے اسکا شریک کوئی نہین وہ بادشاہ ہے اور بدلہ دینے والا

واشهد ان سيدنا ونبينا ومولانا محمدا عبده

اور گواہی دیتا ہون کہ ہمارے سردار اور نبی اور مولے محمدؐ بندے ہین خدا کے

ورسوله نور العالمين وسيد الاكوان اخواني

اور بھیجے ہوئے ہین اُسکے وہ نور ہین ساری جہان کے اور سردار ہین ساری موجودات کے اے بھائیو

انظروا الى هذا الزمان نشكوا الغلاء وضيق المعاش

دیکھو اس زمانے کو کہ شکایت کرتے ہین ہم گرانی کی اور زندگی کی تکلیف کی

ونقص الارزاق والهوان ولم نلتفت الى ما يصدر

اور روزی کی کمی اور اپنی خرابی کی اور نہین خیال کرتے ہین ہم اُن بدی اور

من الاساءة والعصيان تقاطعنا وتدابرنا

گناہون کا جو ہمسے ہوتے جاتے ہین آپس مین پھوٹ کی ہمنے اور ایک دوسرے سے پیٹھ دی

وتحاسدنا وبغى بعضنا على بعضٍ ظلماً وعُدوان وكثر

اور حاسد بنے ہم ایک دوسرے کی اور ظلم کیا ہم میں سے بعض نے بعض پر اور سرکشی کی اور پھیلی

فينا الربا والزنا وشرب الخمور وعاملنا الله

ہم میں زنا اور زناکاری اور شراب پینا اور معاملہ کیا ہم نے خدا سے

في خلقه بالجور والفساد فكيف نرجو منه

ساتھ ظلم اور فساد کے اسکی مخلوقات کے حق میں تو کیونکر امید رکھیں ہم اس سے

الاحسان اولم تعلم كما تدين تدان فلولا

احسان کی کیا نہیں جانا تونے کہ جو ہم کرتے ہیں اسکا بدلہ دیے جاینگے پس اگر نہ ہوتی

حرمة سيد بني عدنان لغضب علينا الرحمن

حرمت سید بنی عدنان کی تو بیشک غضب کرتا ہم پر اللہ

وخسف بنا المكان واحرقنا بالنيران ولولا

اور دھنسا دیتا ہمارے ساتھ مکان کو اور جلاتا ہمکو آگ سے اور اگر نہ ہوتے

مشايخ الركع والرضعان لصب علينا العذاب

سردار سب عابدوں کے لئے اور چھوٹے بچے سب شیر خوار بیشک نازل کرتا ہم پر عذاب

صباً بلا نكران فيا ذا الغفلة والنسيان ثم وتب

جسکی تدبیر کچھ نہ بن آتی سو اے غافل اور اے بھولنے والے اٹھ اور توبہ کر

الى الله واخش الرحمن ولا تغتر بحلم الله

خدا کے پاس اور ڈر خدا سے اور مت مغرور ہو بسبب حلم اللہ کے

عليك وانتبه ايها الانسان ويحك الك براءة

تیرے حق میں اور ہوشیار ہو اے انسان غضب ہے تجھ پر کیا تجھکو رہائی مل گئی ہے

مِنَ الْمَوْتِ أَمَّا أَمَانٌ أَمْ كَذَّبْتَ فَقَوْلُهٗ تَعَالٰے كُلُّ

موت سے یا ایمان یا جھٹلایا تو نے کلام اللہ تعالے کا کہ سب لوگ

مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۔ أَيْنَ مَنْ هُوَ حَيْشُ الْجُيُوشِ

زمین کے ہلاک ہو جانے والے ہیں کہاں ہے وہ شخص کہ سردار تھا لشکروں کا

وَجُنْدُ الْجُنُوْدِ ۔ أَيْنَ فِرْعَوْنُ وَهَامَانُ أَفْنَاهُمْ مُرُوْرُ

اور فوجوں کا کہاں ہے فرعون اور ہامان فنا کردیا انکو گذرنے نے

الزَّمَانِ ۔ فَأَصْبَحُوْا لَا يُرٰى مِنْهُمْ إِلَّا رُسُوْمُ

زمانے کے ہو گئے ایسے کہ نہیں نظر آتا ہے انکے سوائے چند نشان

الْبُنْيَانِ ۔ عِبْرَةٌ لِكُلِّ مُعْتَبِرٍ يَقْظَانَ وَقَدْ قُسِمَتْ

گھروں کے کہ نصیحت پکڑے ہر نصیحت پکڑنے والا جو بیدار دل ہے۔ تحقیق بٹ گئے

أَمْوَالُهُمْ وَيُتِّمَتْ أَطْفَالُهُمْ ۔ وَنُكِحَتْ نِسَاؤُهُمْ

انکے مال اور یتیم ہوگئے انکے لڑکے سب۔ اور نکاح کر لیا انکی عورتوں نے

وَسُكِنَ دِيَارُهُمْ ۔ وَجُعِلُوْا تَحْتَ أَطْبَاقِ الثَّرٰى

اور بس گئے انکے گھروں میں دوسرے لوگ اور رکھے گئے مٹی کے طبقوں کے نیچے

يَتَمَنَّوْنَ الرُّجُوْعَ لِيَعْمَلُوا الْإِحْسَانَ ۔ وَيَنْتَظِرُوْنَ

تمنا کرتے ہیں پھر آنے کی کہ کریں نیکی اور منتظر رہتے ہیں

الدَّعْوَةَ وَالصَّدَقَةَ فِيْ قُبُوْرِهِمْ مِنَ الْإِخْوَانِ

اپنی قبروں میں دعا اور خیرات کے بھائیوں کی طرف سے

فَوَاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَاعُوْا عَلَى الْجَوَابِ لَأَخْبَرُوْكُمْ عَنْ

قسم ہے خدا کی اگر وہ طاقت رکھتے جواب کی ہر آئینہ خبر دیتے تمہیں

شَيْءٌ تَعْجِزُ عَنْ وَصْفِهِ الثَّقَلَانِ ۔ وَاَعْظَمُ مِنْ ذٰلِكَ

ایسی بات کی کہ عاجز ہیں اُسکے بیان سے انسان اور جن اور اس سے بڑا ہے

سُوَالُ مُنْكَرٍ وَّنَكِيْرٍ ۔ فَاِنْ وُّفِّقْتَ اَجَبْتَ وَاِلَّا يَضْرِبَانِكَ

سوال منکر اور نکیر کا سو اگر توفیق دی تجھے خدا نے جواب دے گا تو مین تو ماریں گے

بِمَقَامِعَ مِنْ حَدِيْدٍ ۔ فَتَغُوْصُ اِلَى الْاَرْضِ

تجھے لوہے کی لاٹھیون سے تو دب جاوے گا تو ساتوین زمین تک

السَّابِعَةِ بِلَا تَوَانٍ فَيَا حَسْرَةَ الْمُفَرِّطِ وَيَا نَدَامَةَ

فی الفور سو کیا ہی حسرت ہے سرکشی کرنیوالے کی اور کیا ہی پچھتاتا ہے

الظَّالِمِ اِذَا تَعَلَّقَ بِهِ الْمَظْلُوْمُ وَهُوَ طَارِقٌ خَجْلَانُ

ظالم کا جب لپٹ جائے گا اُسکے ساتھ مظلوم اور وہ سر جھکایا ہوا ہے شرمندہ

فَرَحِمَ اللّٰهُ امْرَءًا بَادَرَ اِلَى الطَّاعَةِ مَا دَامَ فِي الْوَقْتِ

تو رحم کرے اللہ اُس پر جسنے جلدی کی بندگی کرنے مین جسقدر ہوسکا وقت پر

اِمْكَانٌ ۔ وَفِعْلِ الْخَيْرَاتِ وَالْاِحْسَانِ ۔ جَعَلَنِيَ اللّٰهُ

اور کیا نیک کام اور احسان بناوے ہمکو اللہ

وَاِيَّاكُمْ مِنْ اَهْلِ الْاِيْمَانِ ۔ وَحَمَانِيْ وَاِيَّاكُمْ

اور تمکو ایمان والون سے اور بچاوے مجکو اور تمکو

مِنَ الْقَطِيْعَةِ وَالْخِذْلَانِ ۔ وَاغْفِرْ لَنَا اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ

خدا سے منقطع ہونے اور دور پڑنے سے اور معاف کردے ہم سبھونکے گناہ اپنی رحمت سے

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۔ اَعُوْذُ

اے بڑی مہربان سب مہربانوں سے ساری حمد خدا کی ہے جو رب ہے ساری جہانکا پناہ مانگتا ہوں مین

بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ

خدا کی شیطان مردود سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے یہ جہنم ہے جسکو جھٹلاتے تھے

بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ۝ بشنید

گناہگار لوگ گھومیں گے درمیان اُسکے اور پانی کے جو بڑا گرم ہے

الْخُطْبَةُ الْخَامِسَةُ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | لِشَهْرِ الْجُمَادَى الْاُخْرٰى

پانچواں خطبہ شروع کرتا ہوں میں نام پر اسکے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ماہ جمادی الثانی کا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

ساری حمد خدا کی ہے جو رب ہے مشرق اور مغرب کا نہیں ہے کوئی معبود مگر وہ

فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ وَفَوِّضْ اُمُوْرَكَ اِلَيْهِ مَسْوَاهُ

تو ٹھہرا اسکو اپنا کام بنانیوالا اور سونپ دے اپنے کاموں کو اُسکی طرف کہ سوا اُسکے

لَا يَمْلِكُ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا وَمِنَ

کوئی اختیار نہیں رکھتا ہو مصیبت دفع کرنے کا تم سے اور نہ ہٹانے کا اور

اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ۝ وَاعْمَلْ

رات کے وقت سجدہ کر اُسکو اور تسبیح پڑھ اُسکی دیر تک اور کر

عَمَلَ اَصْحَابِ الْيَمِيْنِ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتَابَهُمْ وَلَا

کام اصحاب یمین کا سو وہ پڑھینگے اپنی کتاب اور نہیں ظلم ہوگا اُنپر

يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ

کچھ اور گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ جو ایک ہے

لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۝ شَهَادَةً مَنْ شَهِدَهَا نَالَ اَجْرًا

اسکا شریک کوئی نہیں ایسی گواہی کہ جسنے گواہی دی اسطرح کی پائی بڑی مزدوری

جَزِيلًا وَأَشْهَدُ أَنَّ سَيِّدَنَا وَنَبِيَّنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا

اور گواہی دیتا ہوں میں اس بات کی کہ ہمارے سردار اور نبی اور مولیٰ نام پاک جنکا محمد ہے

عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ الَّذِي أَقَامَ سُنَّةَ رَبِّهِ وَتَبَتَّلَ إِلَيْهِ

وہ بندہ ہیں خدا کے اور بھیجے ہوئے ہیں اسکے جنہے قائم کیا رب کی سنت کو اور

تَبْتِيلًا يَا أَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

یکسو ہوا اسکی طرف اے لوگو یاد کرو نعمت اللہ کی جو تم پر ہے

وَاذْكُرُوا مِنَّتَهُ الْمُتَوَاصِلَةَ لَدَيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ بِطَاعَةِ

اور یاد کرو اسکے احسانوں کو جو ہمیشہ ہیں تم پر اور لازم کرلو اپنے پر فرمانبرداری

اللّٰهِ فَلَا يَصِلُ إِلَيْكُمْ شَيْءٌ تَكْرَهُونَهُ وَتُوبُوا إِلَى اللّٰهِ فَإِنَّهُ

اللہ کی پس نہیں آویگی تمہارے پاس ایسی چیز کہ بری جانتے ہو اسکو اور توبہ کرو خدا کے پاس

يَكْفِيكُمُ الْمَؤُونَةَ وَاعْتَصِمُوا عَلَيْهِ فِي جَمِيعِ

کہ وہ کافی ہووے تمہارے بوجھ کا اور بھروسہ کرو اسی پر سب

الْأُمُورِ فَإِنَّهُ يَدْفَعُ عَنْكُمْ جَمِيعَ السُّوءِ وَالشُّرُورِ

کاموں میں کہ وہ دفع کریگا تم سے سب برائی اور بدی

إِنَّ اللّٰهَ يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

بیشک اللہ دفع کرتا ہے مصیبت کو مومنین سے اللہ نہیں دوست رکھتا ہے

كُلَّ خَوَّانٍ كَفُورٍ فَمَنْ خَافَ رَبَّهُ زَالَ كَرْبُهُ

کسی خیانت کرنے والے ناشکر کو جو شخص ڈرا رب سے دفع ہوئی مصیبت اسکی

وَمَنْ تَوَكَّلَ عَلَيْهِ فَهُوَ حَسْبُهُ فَتَوَكَّلُوا عَلَى اللّٰهِ

اور جسنے بھروسا کیا اس پر تو وہ اللہ بس ہے اسکے لیے سو اگر توکل کرو تم اللہ پر

حَقَّ تَوَكُّلِهٖ لَرَزَقَكُمْ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ، وَلَوْ تَبَتَّلْتُمْ

ٹھیک ہر آئینہ روزی دے گا تمکو جیسا روزی دیتا ہے چڑیوں کو اور اگر متوجہ ہو تم

اِلَيْهِ حَقَّ تَبَتُّلِهٖ لَاَغْنَاكُمْ عَنِ الْغَيْرِ، وَلٰكِنَّكُمْ

اسکی طرف پوری طور پر البتہ بے نیاز کرے گا تم کو دوسرے سے لیکن تم مشغول

تَشْتَغِلُوْنَ عَنِ الْخَالِقِ بِالْمَخْلُوْقِ، وَعَنِ الرَّازِقِ

رہتے ہو مخلوق کے ساتھ اپنے خالق کو چھوڑ کر اور روزی دینے ہوئے کے ساتھ روزی دینے والے کو

بِالْمَرْزُوْقِ وَتَعْتَمِدُوْنَ عَلٰى مَنْ لَّا يَسْتَطِيْعُ اَنْ

چھوڑ کر اور بھروسا رکھتے ہو تم ایسے شخص پر جو طاقت نہیں رکھتا ہے

يَّدْفَعَ عَنْ نَّفْسِهٖ اِلَّا بِاَبٍ وَّلَا يَمْلِكُ لِاَحَدٍ ضَرًّا

کہ ہٹا دے اپنے سے کبھی اور نہیں اختیار رکھتا ہے کسی کے ضرر

وَّلَا نَفْعًا وَّلَا سَبَبًا مِّنَ الْاَسْبَابِ، فَلِذٰلِكَ اَصْبَحْتُمْ

اور فائدے کا اور نہ کسی سامان کا سامان تو نہیں سے اسی لیے ہو گئے تم

وَالْقُلُوْبُ قَاسِيَةٌ، وَالْمَعَاصِيْ بَيْنَكُمْ فَاشِيَةٌ،

سخت دل اور پھیل گئے تم میں گناہ

وَرَبُّنَا الرَّقِيْبُ لَا تَخْفٰى عَلَيْهِ خَافِيَةٌ، اَلَا فَتَفَكَّرُوْا

اور رب ہمارا دیکھنے والا ہے نہیں چھپی ہے اسپر کوئی چیز خبردار خیال کرو

يَا عِبَادَ اللّٰهِ، فِيْمَنْ مَّضٰى قَبْلَكُمْ مِّنَ الْمُلُوْكِ

اے بندو اللہ کے ان لوگوں کے حال پر گذر گئے آگے تمہارے بادشاہ سب،

وَالْاَشْرَافِ وَالصَّنَادِيْدِ، قَدْ اَخْلَقَتْهُمُ الدُّنْيَا

اور عزت والے سب اور سردار سب تحقیق خلاف وعدہ کیا انسے دنیا نے

بالمواعيد + واسكنتهم الحفر بعد القصر المشيد +

اور بسایا انکو خندقون مین بعد مضبوط بالا خانے کے

كانوا عظماً فصاروا عظاماً وقصد يد + بليت منهم

تھے بڑے بڑے سو ہوگئے ہڈی اور پیپ بگڑ گئین انکی

المحاسن وخلوا بجديد + فهذن آخر المصير من

خوبیان اور تنہا رکھے گئے زمین مین تو یہ پچھلی سیر ہے

الدنيا فالى متى هذا التنفيد + فنبا الله + عباد

دنیا سے تو کبتک ہے یہ سنے عقل ڈرو آسندے ڈرو اتندے اسے بندو

الله + توبوا اليه + واسعوا فيما يخلصكم

خدا کے توبہ کرو اسکے پاس اور کوشش کرو ایسے کام کی کہ مخلص بناوے تمکو

ويقربكم اليه + نسئل الله العظيم المولى الكريم

اور مقرب کردے تمکو خدا کے پاس مانگتے ہین ہم اللہ بزرگ سے جو مولی ہے بخشش والا

ان يتداركنا برحمته وان يميتنا مسلمين

کہ داخل کرے ہمکو اپنی رحمت مین اور وفات دے ہمین اسلام پر

ويغفر لنا اجمعين والحمد لله رب العالمين + اعوذ بالله

اور معاف کرے ہم سبھون کے گناہ ساری حمد خدا کی ہے جو رب ہے ساری جہان کا پناہ مانگتا ہون مین حضرت الٰہی

من الشيطان الرجيم + ربنا آمنا بما انزلت واتبعنا

شیطان مردود سے اور ہمارے ایمان لائے ہم اس چیز پر کہ اتاری تو نے اور پیروی کی ہم نے

الرسول فاكتبنا مع الشاهدين ٥ بشنید

رسول کی تو لکھ ہمکو وحدانیت کی گواہی دینے والون مین

الخطبة الاولى بسم الله الرحمن الرحيم لشهر رجب الاصم

پہلا خطبہ شروع کرتا ہوں میں نام سے اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ماہ رجب کا جسکا نام اصم ہے

الحمد لله رب العالمين ولله الحمد الذي جعل

ساری حمد خدا کی ہے جو رب ہے سارے جہان کا اور خدا کا شکر ہے جسنے بنایا

رجبا للاستغفار من الذنوب وثنى رجبا

ماہ رجب کو گناہوں سے معافی مانگنے کے لیے اور پیچھے لایا رجب کے

بشعبان لاصلاح العيوب وثلثهما برمضان

شعبان کا مہینا عیبوں سے پاک ہونے کے لیے اور تس پیچھے لایا رمضان کو

لتنوير القلوب واخفى فيه ليلة القدر بحكمه

دلوں کو روشن کرنے کے لیے اور چھپائی اس میں قدر کی رات اپنے حکم سے

وهو علام الغيوب ومواهب كرمه متصلة

اور وہ بڑا جاننے والا ہے غیبوں کا اور بخششیں اسکی پھیلی ہوئی ہیں

بالشروق والغروب واشهد ان لا اله الا الله وحده

پورب سے پچھم تک اور گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ جو ایک ہے

لا شريك له شهادة ماحية للذنوب

اسکا شریک کوئی نہیں ایسی گواہی کہ مٹا دینے والی ہے گناہوں کو

واشهد ان سيدنا ونبينا ومولانا محمدا عبده

اور گواہی دیتا ہوں میں کہ ہمارے سردار اور نبی اور مولے محمد بندے ہیں خدا کے

ورسوله المحمود المحبوب معاشر الحاضرين

اور بھیجے ہوئے ہیں اسکے جو حمد کیے ہوئے ہیں اور دوست رکھے ہوئے اے گروہ حاضرین کے

اعلموا ان من يريد حرث الآخرة فهذا اوان
جانو کہ جو ارادہ رکھتا ہے آخرت کی کھیتی کا تو یہ وقت ہے
نمو البركات ومن اراد ان يتوب ويحط عن
برکتوں کے بڑھنے کا اور جو چاہتا ہے کہ توبہ کرے اور جھڑ جاوے
ظهره الذنوب فهذا محل اقالة العثرات
اسکی پیٹھ پر سے گناہ تو یہ موقع ہے گناہوں کی معافی کا
فبادروا بالطاعات قبل ان تعظم المصائب على
تو جلد بندگی میں مشغول ہو آگے اسکے کہ بڑی مصیبت آوے
اهل المخالفات فان من عاش لابد ان
مخالفوں اور منکروں پر تحقیق جسنے زندگی کی ضرور ہے اسکو
يموت ومن مات فقد فات الا وان شهركم
مرنا اور جو مرا سو فوت ہوگیا خبردار یہ مہینا تمہارا
هذا شهر الحرام افتتح الله به ثلثة اشهر كرام
مہینا ہے حرمت والا شروع کیے اسنے اس سے تین مہینے بزرگ
فضلها على شهور السنين والاعوام فرجب
جنکو فضیلت دی سارے مہینوں پر برس کے تو رجب
اول شهور البركة وهو شهر الله الاصم سماه
پہلا مہینا برکت کا ہے اور وہ ماہ اصم ہے اللہ تعالے کا نام رکھا اسکا اصم
اصم مع فضله ورفعته ويقال انما سمي اصم
باوجود فضیلت اور برتری کے اور کہا گیا ہے نام رکھا گیا اصم

لِاَنَّ الْکِرَامَ الْکَاتِبِیْنَ یَکْتُبُوْنَ الْحَسَنَاتِ فِیْ ھٰذَا

اسلیے کہ کرام کاتبین سے لکھتے ہین صرف نیکیون کو اس مہینے مین

الشَّھْرِ فَلَا یَسْمَعُ صَرِیْرَ الْقَلَمِ فِیْ کِتَابَتِہٖ

تو نہیں سنتا ہے یہ مہینا آواز قلم کی بدی کے لکھنے مین

السَّیِّئَاتِ فَسُمِّیَ اَصَمَّ وَقِیْلَ رَجَبٌ لِاِتْیَانِ الْبَابِ

اسلیے نام رکھا گیا اصم۔ اور کہا گیا رجب واسطے آنے بندونکے پر دروازے پر خدا کے

وَشَعْبَانُ لِلتَّقَرُّبِ اِلَی الْمَلِکِ الْوَھَّابِ وَرَمَضَانُ

اور شعبان واسطے مقرب ہونے کے ہیے پاس بادشاہ وہاب کے اور رمضان

لِلِقَاءِ الْمَلِکِ التَّوَّابِ فَرَجَبٌ شَھْرُ اِلْقَاءِ الْبَذْرِ

واسطے ملنے کے ہے اُس بادشاہ سے کہ توبہ قبول کرنیوالا ہے تو رجب مہینا دانہ ڈالنے کا ہے

وَشَعْبَانُ شَھْرُ السَّقْیِ وَرَمَضَانُ شَھْرُ الْحَصَادِ

اور شعبان مہینا پانی بہانے کا اور رمضان مہینا کھیت کاٹنے کا

فَمَنْ لَمْ یَزْرَعْ فِیْ رَجَبٍ بَذْرَ الطَّاعَاتِ وَلَمْ

پس جسنے نہ بویا رجب مین دانہ بندگی کا اور نہ

یَسْقِھَا بِمَاءِ الْعَیْنِ فِیْ شَعْبَانَ کَیْفَ یَصِلُ اِلٰی

سیراب کیا اسکو آنکھ کے پانی سے شعبان مین کیونکر کاٹنے کو کھیت

حَصَادِ الرَّحْمَۃِ فِیْ رَمَضَانَ وَقِیْلَ اِنَّ رَجَبًا بَعْدَ

رحمت کا رمضان مین اور کہا گیا ہے کہ ماہ رجب بعد

مَا یَمْضِیْ یَصْعَدُ اِلَی السَّمَاءِ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی

گذرنے کے چڑھتا ہے آسمان کی طرف تب فرماتا ہے اللہ تعالے

[illegible]

أَبَجَّلُوكَ وَعَظَّمُوكَ + فَيَسْكُتُ رَجَبٌ حَتّٰى

اے رجب کیا تعظیم کی تیری لوگوں نے اور عزت کی تو چپ رہتا ہے رجب یہاں تک کہ

يَسْأَلَهُ ثَانِيَةً وَثَالِثَةً فَيَقُولُ إِلٰهِي أَنْتَ السَّتَّارُ

پوچھا ہو اسے دوسری مرتبہ اور تیسرے تو کہتا ہے اے معبود تو گناہ چھپانے والا ہے

أَمَرْتَ خَلْقَكَ أَنْ يَسْتُرُوا عُيُوبَ غَيْرِهِمْ + وَسَمَّانِي

حکم کیا تو نے خلائق کو کہ چھپاویں عیبوں کو دوسروں کے اور نام رکھا میرا

رَسُولُكَ أَصَمَّ + سَمِعْتُ طَاعَتَهُمْ وَلَمْ أَسْمَعْ مَعْصِيَتَهُمْ +

تیرے نبی نے اصم سنی میں نے انکی عبادت اور نہیں سنا انکا گناہ

وَعَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَا مِنْ

اور روایت کی ثوبان رض نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپنے نہیں کوئی مرد

مُسْلِمٍ وَلَا مُسْلِمَةٍ يَصُومُ يَوْمًا مِنْ رَجَبَ وَيَقُومُ

یا عورت مسلمان روزہ رکھتا ہو کوئی دن رجب کا اور عبادت میں کھڑا ہوتا ہے

لَيْلَةً يُرِيدُ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ إِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ عِبَادَةَ

اس رات خدا تعالے کی رضامندی کے ارادے پر مگر لکھتا ہے اللہ اسکے لیے عبادت

سَنَةٍ كَامِلَةٍ صِيَامَ نَهَارِهَا وَقِيَامَ لَيَالِيهَا + عِبَادَ

پورے ایک برس کی دن کا روزہ اور رات کی نماز اے بندو

اللّٰهِ احْتَرِمُوا هٰذَا الشَّهْرَ الشَّرِيفَ بِكَثْرَةِ الصِّيَامِ

اللہ کے تعظیم کرو اس بزرگ مہینے کی زیادہ روزے

وَالْقِيَامِ + وَالنَّدَمِ عَلٰى مَا سَلَفَ مِنَ الْآثَامِ + وَأَكْثِرُوا

اور نمازسے اور شرمندگی سے گذرے ہوئے گناہوں پر اور زیادہ کرو

ذِكْرِ خَالِقِ الْأَنَامِ ۔ وَعَلَيْكُمْ بِالصَّدَقَةِ وَالْإِنْفَاقِ

یاد خلائق کے خالق کی اور لازم کرلو اپنے پر صدقہ دینا اور خرچ کرنا

عَلَى الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ مِنْ أَهْلِ الْإِسْلَامِ

مسلمان فقیرون اور مسکینون پر

تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ دَارَ السَّلَامِ ۔ وَقُولُوا بِأَجْمَعِكُمْ اَللّٰهُمَّ

کر داخل ہو تم بہشت مین جو سلامتی کا گھر ہے اور کہو تم سب اے اللہ

أَخْرِجْنَا مِنْ سُجُونِ الْغَافِلِينَ ۔ إِلَى مُتَّسَعِ رِيَاضِ

نکال ہمکو قید خانون سے غافلین کے لئے ذاکرین کے کشادہ باغون کی

الذَّاكِرِينَ ۔ وَاجْعَلْنَا مِنْ خَوَاصِّ عِبَادِكَ الْمُؤْمِنِينَ

طرف اور بنادے ہمکو اپنے خاص بندون سے جو مؤمن ہین

بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ

اپنی رحمت سے اے بڑے مہربان سب مہربانونکے ساری حمد خدا کی ہے جو رب ہے سارے جہان کا

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ

پناہ مانگتا ہون مین خدا کی شیطان مردود سے ۔ فرمایا اللہ نے جو آگے بھیجتے ہو تم اپنے لیے اسکو ضرور

مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا ۔

پاؤ گے اسکو اللہ کے پاس وہ بہتر ہے اور بڑی مزدوری

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۔ بنشیند

اور معافی مانگو خدا سے بیشک اللہ معاف کرنے والا بڑا مہربان ہے

الْخُطْبَةُ الثَّانِيَةُ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ | لِشَهْرِ رَجَبِ الْمُرَجَّبِ

دوسرا خطبہ | شروع کرتا ہون مین نام سے اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا | ماہ رجب جو بزرگ مہینا ہے

یعنی غفلت کی قید سے ۱۲

الحَمدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الاَرضِ

ساری حمد خدا کی ہو جسکی ہین تمام چیزین آسمانون اور زمینون کی

وَلَهُ الحَمدُ فِي الاٰخِرَةِ وَهُوَ الحَكِيمُ الخَبِيرُ ٥ يَعلَمُ

اور اُسکے لیئے حمد ہے آخرت مین اور وہ اللہ بڑا حکمت والا ہو اور خبر رکھنے والا جانتا ہے

مَا يَلِجُ فِي الاَرضِ وَمَا يَخرُجُ مِنهَا وَمَا يَنزِلُ مِنَ

جو گھستا ہو زمین مین ؎۱ اور نکلتا ہو اُس سے ؎۲ اور جو اُترتا ہے

السَّمَاءِ وَمَا يَعرُجُ فِيهَا وَهُوَ الرَّحِيمُ الغَفُورُ ٥

آسمان سے ؎۳ اور جو چڑھتا اُسپر ؎۴ اور وہ بڑا مہربان ہے معاف کرنے والا

لَهُ مُلكُ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ وَاِلَيهِ تُرجَعُ الاُمُورُ

اُسکی ہے بادشاہت آسمان اور زمین کی اور اسیکی طرف رجوع کرتے ہین کام سب

اَحمَدُهُ عَلٰی مَا وَهَبَ مِنَ الاِيمَانِ وَالسُّرُورِ وَاَشهَدُ

حمد کرتا ہون مین اُسکی بخشش پر جو ایمان ہو اور خوشی اور گواہی دیتا ہون مین

اَن لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ شَهَادَةً

اسبات کی کہ نہین ہو کوئی معبود مگر اللہ جو ایک ہو اُسکا شریک کوئی نہین ایسی گواہی

اَدَّخِرُهَا لِيَومِ النُّشُورِ وَاَشهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَنَبِيَّنَا

کہ جمع رکھتا ہون اُسکو قیامت کے دن کے لیئے اور گواہی دیتا ہون مین کہ ہمارے سردار اور نبی

وَمَولَانَا مُحَمَّدًا عَبدُهُ وَرَسُولُهُ صَاحِبُ الفَضلِ

اور مولے محمد بندے ہین خدا کے اور بھیجے ہوئے ہین اُسکے جو مشہور

المَشهُورِ وَالعِلمِ المَنشُورِ اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغيُكُم

فضیلت والے ہین اور بڑے علم والے اے لوگو بیشک سرکشی تمہاری

؎۱ جیسے تخم [illegible] ۱۲

؎۲ جیسے درخت ۱۲

؎۳ جیسے مینہ ۱۲

؎۴ جیسے بخارات ۱۲

عَلٰى اَنْفُسِكُمْ فَارْحَمُوْهَا فَمَنْ نَكَثَ فَعَلٰى نَفْسِهٖ

تمہارے نفسوں پر پس تو رحم کرو اپنے نفسوں پر سو جسنے عہد شکنی کی تو اسکے نفس پر ہے

فَاحْفَظُوْا عُهُوْدَ اللّٰهِ وَعُهُوْدَ رَسُوْلِهٖ وَاحْتَرِمُوْهَا

تو نگاہ رکھو عہدون کو خدا اور رسول کے اور حرمت کرو ان عہدون کی

وَعَلِّقُوْا هِمَمَكُمْ بِالْفِرْدَوْسِ الْاَعْلٰى فَاِنَّ فِيْهَا

اور لگاؤ اپنی ہمتون کو فردوس اعلےٰ کے حاصل کرنے مین سلئے کہ اسکا

الْوَعْدَ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ

وعدہ ہے تمسے اور ڈرو خدا سے اور چاہیے کہ فکر کرے ہر شخص کیا بھیجا کل کے لیے

فَيَا اَيُّهَا الْاَغْنِيَاءُ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَلَا تَبْخَلُوْا

سواے تونگرو سب نعمت دی ہے خدا نے تمکو تو بخیلی مت کرو

وَقَدِ اسْتَخْلَفَكُمْ فَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ

اور نائب بنایا ہے تمکو مال کا تو خرچ کرو اس مین سے کہ جسکے تم نائب بنے ہو

فِيْهِ وَلَا تَتَّكِلُوْا وَاشْتَرُوْا اَنْفُسَكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْحُطَامِ

اور مت چھوڑو خیرات کو وارثون کے بھروسے اور مول لو اپنی نفسونکو دنیا کی تھوڑی مال کے بدلے

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ

شاید تم رحم کیے جاؤ جو لوگ جمع کرتے ہین سونا

وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ

اور روپا اور نہین خرچ کرتے ہین خدا کی راہ پر تو خوشخبری دے انکو

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ

سخت عذاب کی جسدن گرم کیا جاے گا وہ سب مال جہنم کی آگ مین

فتكوى بها جباههم وجنوبهم وظهورهم

اور داغ دیا جائیگا اس سے انکی پیشانیوں پر اور پہلوؤں اور پیٹھوں پر

هذا ما كنزتم لانفسكم فذوقوا ما كنتم تكنزون ○ و

تو کہینگے فرشتے وہی چیزیں ہیں کہ جمع کیں تھیں تمنے اپنے لیے تو چکھو جسکو تم جمع کرتے تھے اور

خلصوا انفسكم من العذاب لعلكم تفلحون ○

اور بچاؤ اپنے کو عذاب سے شاید کہ تم کو بہتری ملے

قبل ان ياتي يوم يود المجرم لو يفتدي من

آگے آنے ایسے دن کے جبکہ چاہیگا گنہگار کہ بدلہ دیوے

عذاب يومئذ ببنيه وصاحبته واخيه وفصيلته

اسدن کے عذاب کا اپنے بیٹوں کو اور اپنی بی بی اور بھائیوں کو اور اپنے قبائل کو

التي تؤويه ومن في الارض جميعا ثم ينجيه

جو پناہ دیتے تھے اسکو اور سبکو جو زمین میں ہیں تمامی کہ نجات ملے اس سے

ويا ايها الفقراء اتقوا النار ولو بشق تمرة واطعموا

اور اے فقیرو سب بچو آگ سے اگرچہ ایک ٹکڑے خرمے سے ہو اور کھلاؤ

مما اطعمكم الله ولو لقمة فان عجزتم فالكلمة

اس کھانے سے کہ دیا تمکو اللہ نے اگرچہ ایک لقمہ ہو پس اگر اس سے بھی عاجز ہو تم تو میٹھی

الطيبة صدقة تنفع والامر بالمعروف والنهي

بات صدقہ ہے تمہارے کام آوے گا اور حکم کرنا نیکی کا اور منع کرنا

عن المنكر صدقة ترفع اما علم المذنب انه

بدی سے صدقہ ہے کہ چڑھایا جاتا ہے آسمان پر کیا نہیں جانا گنہگاروں نے کہ

رَاجِعٌ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَمُلَاقِيْهِ + وَاللّٰهُ سَيُمَارِيْهِ

وہ رجوع کرنیوالا ہی خدا کی طرف اور ملنے والا ہو اُس سے اور اللہ قریب ہے کہ مناقشہ کرے گا

عَلٰى مِثْقَالِ ذَرَّةٍ فَمَا فَوْقَهَا وَيُجَازِيْهِ + يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ

اُس سے ذرہ ذرہ یا اس سے زیادہ پر اور بدلہ دے گا اُسکو جب دن بھاگے گا آدمی

مِنْ اَخِيْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ + وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ + لِكُلِّ امْرِئٍ

اپنے بھائی سے اور ماں اور باپ سے اور بی بی اور لڑکوں سے ہر شخص کا

مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ + فَاللّٰهَ اللّٰهَ + عِبَادَ اللّٰهِ + اِتَّقُوا اللّٰهَ

اُسدن ایک حال ہوگا کہ غافل رکھیگا اُسکو دوسروں سے تو ڈرو اللہ سے ڈرو اللہ سے اے بندو خدا کے ڈرو اللہ سے

قَبْلَ اَنْ يَّفْجَاَكُمُ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ + وَقَبْلَ اَنْ تُسْتَدْعَوْا

آگے اسکے کہ اچانک آپڑے تمپر موت ساتھ سختیوں کے جو اُس میں ہیں اور آگے اُسکے کہ

لِلْحِسَابِ فَلَا يَجِدُ اَحَدُكُمْ مَا يَفْدِيْهِ + جَعَلَنَا

بلاؤ حساب کے لیے تب نہیں پاویگا کوئی تم میں سے ایسی چیز کہ جرمانہ دیوے کرے ہمکو

اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ مِّنْ اَهْلِ التَّقْوٰى + وَاَعَاذَنَا اللّٰهُ وَ

اللہ اور تمکو پرہیزگاروں سے اور پناہ دے ہمکو اللہ اور

اِيَّاكُمْ مِّنْ مُّوْبِقَاتِ الشَّقَاءِ + وَاَسْعَدَنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ

تمکو بدبختیوں سے جو ہلاک کرنے والی ہیں اور مدد کرے اللہ ہماری اور تمہاری

اِذَا جَاءَ اللِّقَاءُ + وَرَقّٰى فِي الدَّرَجَاتِ غَايَةَ الْاِرْتِقَاءِ

جب آوے ملنے کا دن اور خوب بلند کرے ہملوگوں کا درجہ

بِرَحْمَتِهٖ وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ + اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ +

اپنی مہربانی سے ہو وہ بڑا مہربان سب مہربانوں کا۔ ساری حمد خدا کی ہے جو رب ہے سارے جہان کا

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۔ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُونَ

پناہ مانگتا ہون مین خدا کی شیطان مردود سے فرمایا اللہ تعالی نے اُسدن پیش کیے جاوینگے تمہارے

لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ۔ بشنید

عمل تمہارے سامنے نہین چھپیگا تسے کچھ

الْخُطْبَةُ الثَّالِثَةُ	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ	لِلشَّهْرِ رَجَبِ الْمُرَجَّبِ
تیسرا خطبہ	شروع کرتا ہون مین نام اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہی	ماہ رجب کو جو بزرگ مہینا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي سَهَّلَ لِلْعِبَادِ طَرِيقَ الْعِبَادَةِ وَيَسَّرَ

ساری حمد خدا کی ہی جسنے سہل کردی بندونکے لیے عبادت کی راہ اور آسان کردی

وَوَفَّاهُمْ أَجْرَ عَمَلِهِمْ مِنْ خَزَائِنِ جُودِهِ الَّذِي

اور پوری دی اُنکے عمل کی مزدوری اپنی بخشش کے خزانون سے جنکا شمار

لَا يُحْصَرُ ۔ وَزَكّٰى أَبْدَانَهُمْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مِنْ دَرَنِ

نہین ہوسکتا ہو اور پاک کیا اُنکے بدنون کو بوسیلہ نماز اور زکوٰۃ کے گناہون کے

السَّيِّئَاتِ وَطَهَّرَ ۔ أَحْمَدُهُ عَلٰى نِعَمِهِ الَّتِي لَا تُحْصَرُ

میل سے اور صاف کیا حمد کرتا ہون مین اُسکی نعمتون پر جنکا شمار نہین

وَأَشْكُرُهُ وَهُوَ الْمُسْتَحِقُّ لِأَنْ يُحْمَدَ وَيُشْكَرَ ۔

اور شکر کرتا ہون اُسکا اور وہ مستحق ہے حمد اور شکر کا

وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ

اور گواہی دیتا ہون مین کہ نہین ہے کوئی معبود مگر اللہ جو ایک ہے اُسکا شریک کوئی نہین

شَهَادَةً تُنْجِي قَائِلَهَا مِنْ سَقَرَ ۔ الَّتِي لَا تُبْقِي

ایسی گواہی کہ نجات بخشی ہو اپنے قائل کو دوزخ سے جو دوزخ نہین باقی رکھیگی

وَلَا نِدَّ لَهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَنَبِيَّنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا

اور نہ کوئی ہے اوسکا مثل اور گواہی دیتا ہوں مین کہ ہمارے سردار اور نبی اور مولے محمد

عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ سَيِّدُ الْخَلَائِقِ وَالْبَشَرِ + اَلَّذِيْ

بندے ہین خدا کے اور بھیجے ہوے اسکے وہ سردار ہین ساری مخلوقات کے اور آدمی کے جنکی خاطر

اِنْشَقَّ لَهُ الْقَمَرُ وَسَعٰى اِلٰى خِدْمَتِهِ الشَّجَرُ + وَسَبَّحَ

دو ٹکڑے ہوگیا چاند اور دوڑا آنکی خدمت مین درخت اور تسبیح پڑھی

فِيْ كَفِّهِ الْحَصٰى حَتّٰى سَمِعَهُ مَنْ حَضَرَ + يَا اَيُّهَا

آنکی ہتھیلی مین سنگریزون نے کہ سنا اُسکو سبھون نے جو حاضر تھے اے

النَّاسُ اعْتَمِدُوْا عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ الَّذِيْ عَلَيْهِ يُعْتَمَدُ

لوگو بھروسا رکھو خدا پر کہ اللہ ہی ہے کہ اُسپر بھروسا کیا جا سکتا ہے

وَاجْتَهِدُوْا فِيْ رِضَاهُ فَفِيْهِ اَنْ يُّجْتَهَدَ + وَاَصْلِحُوْا

اور کوشش کرو اُسکی رضامندی مین کہ اسی بات کے لیے کوشش کرنا چاہیے اور درست کرو

دِيْنَكُمْ وَلَا تُبَالُوْا بِعَيْشِكُمْ وَاِنْ فَسَدَ وَتَعَاوَنُوْا

اپنا دین اور مت پروا کرو اپنی زندگی کی اگرچہ خراب زندگی ہووے اور ایک دوسرے کی مدد کرو

عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ

نیکی اور پرہیزگاری پہ اور مت مدد کرو گناہ اور سرکشی پہ

وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ + وَاتَّخِذُوْا مِنْ

اور ڈرو خدا سے بیشک اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے اور پکڑو قصد دین کی

مَنْهَجِ الْعَزَائِمِ اَقْوَى الْعُدَدِ + وَاجْتَنِبُوا الْبَغْيَ

راہوں سے ایسی راہ کہ جسکے مضبوط ہون سامان اور دور رہو سرکشی

وَالْحِقْدَ وَالْحَسَدَ، وَاعْلَمُوْا اَنَّ الْحَسُوْدَ لَا يَسُوْدُ وَلَا يَنَالُ

اور کینہ اور حسد سے اور جانو کہ حاسد نہیں سرداری پاتا ہے

مِنْ حَسَدِهٖ اِلَّا الْهَمَّ وَالْغَمَّ وَالنَّكَدَ، وَمَا

اور نہیں حاصل ہوتا ہے اسکو حسد سے مگر الم اور غم اور رنج اور

اَكْمَدَ الْحَاسِدَ مَنْ يَرُدُّ نِعْمَةَ اللّٰهِ الَّتِيْ اَنْعَمَ

تکالیف ... کون رد کرسکتا ہے خدا کی نعمت کو جو دی ہے

عَلٰى عِبَادِهٖ، مَنْ يَمْنَعُ عَطَاءَ اللّٰهِ الَّذِيْ يَقْسِمُهٗ

اپنے بندوں کو، کون روک سکتا ہے خدا کی بخشش کو جسکو بانٹتا ہے

بِمُرَادِهٖ، وَتَيَقَّنُوْا اَنَّ مَنْ كَانَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ عِنَايَةٌ فَهُوَ

مطابق اپنے ارادے کے اور یقین جانو کہ جسپر خدا کی عنایت ہو وہ

مَنْصُوْرٌ، وَمَنْ اَدْرَكَتْهُ رَحْمَةُ اللّٰهِ فَهُوَ مَحْبُوْرٌ

فتحمند ہے اور جسپر اسکی رحمت ہو وہ خوش ہے

وَاَنَّ كُلَّ مُحْسِنٍ اَوْ مُسِيْءٍ سَيُجْزٰى بِعَمَلِهٖ يَوْمَ

اور ہر نیک کار اور بدکار قریب ہے کہ بدلہ پاوے گا اپنے عمل کا

النُّشُوْرِ، وَتَصَدَّقُوْا فَاِنَّ الصَّدَقَةَ عَلَى السَّعَادَةِ

قیامت کے دن اور صدقہ دو کہ صدقہ دینا نیک بختی کی

عَلَامَةٌ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَفِيْ ظِلِّ صَدَقَتِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

علامت ہے اور بیشک آدمی اپنے صدقے کے سایہ میں رہیگا قیامت کے دن

وَاِنَّ اللّٰهَ لَيُرَبِّي الصَّدَقَةَ حَتّٰى تُوَازِيَ صَاحِبَهَا

اور اللہ البتہ دیکھتا ہے صدقہ بڑھتا ہے یہانتک برابر ہو جاتا ہے دینے والے سے حق میں

كالجبل العظيم ۝ والذين يكنزون الذهب

مثل بڑے پہاڑ کے اور جو لوگ جمع کرتے ہیں سونا

والفضة ولا ينفقونها في سبيل الله فبشرهم

اور چاندی اور نہیں خرچ کرتے ہیں خدا کی راہ پر تو خوشخبری دے انکو

بعذاب اليم ۝ وقال الله تعالى في كتابه المجيد +

سخت عذاب کی اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب بزرگ میں

من عمل صالحا فلنفسه ومن اساء فعليها وما

جسنے نیک عمل کیا تو اپنے لیے کیا اور جسنے بدی کی تو اسی پر ہے اور نہیں ہے

ربك بظلام للعبيد ۝ وورد في الحديث الصحيح

رب تیرا ظلم کرنے والا بندون پر اور آیا ہے حدیث صحیح

الشريف عن النبي صلعم انه قال حصنوا اموالكم

شریف میں نبی صلعم سے فرمایا آپ نے حفاظت کرو اپنے مالون کی

بالزكوة وداووا مرضاكم بالصدقة واستقبلوا

زکوٰۃ دینے سے اور دوا کرو اپنے بیمارون کی صدقے سے اور پیش آؤ

البلاء بالدعاء والتضرع + وعنه صلعم انه قال

بلاؤن کے ساتھ دعا اور زاری کے اور روایت ہے صلعم سے فرمایا آپ نے

ما هلك مال في بر او بحر الا بمنع الزكوة

نہیں ہلاک ہوا کوئی مال خشکی اور دریا میں مگر زکوٰۃ نہ دینے سے

نسئل الله العظيم المولى الكريم + ان يدخلنا

مانگتے ہیں ہم اللہ بزرگ سے جو مولا ہے اور بخشش والا کہ داخل کرے ہمکو

بِرَحْمَتِهٖ ۔ وَاَنْ يُّمِيْتَنَا مُسْلِمِيْنَ وَيَغْفِرَ لَنَا اَجْمَعِيْنَ ۔ بِرَحْمَتِهٖ

اپنی رحمت مین اور وفات دے ہمین اسلام پر اور معاف کرے ہم سبھون کو گناہ اپنی رحمت الٰہی سے

وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

اور وہ بڑا مہربان سب مہربانون سے ساری حمد خدا کی ہے جو رب ہے سارے جہان کا پناہ مانگتا ہون مین خدا کی

مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ۔ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ

شیطان مردود سے فرمایا اللہ تعالے نے اگر ظاہر صدقہ دو

فَنِعِمَّا هِيَ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ

